زبُور نماز

زبُور 68:1

اُس کے سبھی دشمن اُس کے پاس سے بھا گ جا ئیں۔ ا ے خدا، اُٹھ، اپنے دشمن کو پراگندہ کر۔

زبُور 5:9

جو سچّائی کو توڑ مروڑ دیتے ہیں۔ وہ لوگ سچ نہیں بولتے۔ وہ دروغ گو ہیں۔
وہ اپنی زبان سے خوشا مد کر کے دوسروں کو اپنے جال میں پھانس لیتے ہیں۔ انکاحلق کھلی قبروں کی مانند ہے۔

زبُور 5:10

انہوں نے تیرے خلاف بغاوت کی۔ اُنکو اپنے ہی جالوں میں پھنسنے دے۔ اے خدا !انہیں سزا دے۔
اس لئے اُنکو سزا دے اُنکے بہت سے جُرموں کے لئے جو وہ کئے ہیں۔

زبُور 11:6

وہ گرم کو ئلہ اور جلتی ہو ئی گندھک کو بارش کی مانند ان شریر لوگوں پر بر سائے گا۔
یہ شریر لوگوں کی قسمت ہے کہ وہ کچھ نہیں حاصل کر تے سوائے گرم اور جلتی ہو ئی ہوا کے۔

زبُور 18:14

خدا نے تیر چلا کر دشمنوں کو بکھیر دیا۔
اُس نے تابڑ توڑ کوندتی بجلیاں بھیجیں اور وہ الجھن میں پڑے لوگوں کو بکھیر دیئے۔

زبُور 18:17

میرے دشمن مجھ سے زیادہ زور آور تھے۔
وہ مجھ سے کہیں زیادہ طاقتور تھے، اور مجھ سے دشمنی رکھتے تھے۔ پس خدا نے مجھ کو پناہ دی۔

زبُور 18:39

اور میرے سب دشمنوں کو میرے آگے جھکا دیا۔ اے خدا تو نے مجھے جنگ میں قوّت دی۔

زبُور 18:45

وہ غیر ملکی میرے آگے جھکیں گے۔ کیوں کہ وہ مجھ سے خوفزدہ ہوں گے۔
اور اپنے قلعوں سے تھر تھرا تے ہو ئے نکلیں گے۔

زبُور 27:11

مجھے اچھی راہوں کی تعلیم دے۔ اے خداوند! میرے دشمنوں کے سبب، مجھے سیدھی راہ دکھا۔

زبُور 35:1

،جنگوں کو لڑ۔ اے خدا وند! میری لڑائیوں کو لڑ

زبُور 35:2

اور میری حفاظت کر۔ اے خداوند سِپر اور گول ڈھال لے کھڑا ہو

زبُور 35:3

بر چھی اور بھا لا اُٹھا، اور جو میرے پیچھے پڑے ہیں اُن سے جنگ کر۔
"اے خداوند! میری روح سے کہہ، " میں تیری نجات ہوں۔

زبُور 35:4

انہیں مایوس اور شرمندہ کر۔ کچھ لوگ مجھے مار نے کے لئے پیچھے پڑے ہیں۔
جو میرے نقصان کا منصوبہ بنا تے ہیں اُن کو مو ڑ دے اور انہیں بھگا دے
وہ پسپا اور پریشان ہوں۔

زبُور 35:5

خداوند کے فرشتے ان کو دور ہانک دیں۔ تو اُن کو ایسا بھوسا بنا دے، جس کو ہوا اُڑا لے جا تی ہے۔

زبُور 35:6

خداوند کے فرشتے ان کا تعاقب کرے۔ اے خداوند! اُن کی راہ اندھیری اور پھسلنی ہو جا ئے۔

زبُور 35:7

میں نے تو کچھ بھی بُرا نہیں کیا ہے۔ لیکن یہ لوگ مجھے بِنا کسی سبب کے پھا نسنا چاہتے ہیں۔
بغیر کسی وجہ کے وہ مجھے پھنسا نے کی کو شش کرتے ہیں۔

زبُور 35:8

پس اے خداوند! ایسے لوگوں کو اُن کو اپنے ہی جال میں گر نے دے۔
اُن کو اپنے ہی پھندے میں پڑنے دے۔ اور کو ئی نا معلوم خطرہ اُن پر پڑنے دے۔

زبُور 52:5

وہ تجھے پکڑ کر تیرے خیمے سے نکال پھینکے گا۔ تجھے خدا ہمیشہ کے لئے نیست و نابود کر دے گا۔
جیسے کو ئی شخص ایک پودے کو ز مین سے جڑ سمیت اکھاڑ پھینکتا ہے۔ وہ تجھے اِس طرح ہلاک کرے گا

زبُور 60:12

خدا ہمارے دشمنوں کو شکست دے سکتا ہے۔ لیکن ہمیں خداہی مضبوط بنا سکتا ہے۔

زبُور 66:3

خدا سے کہو تیرے کام کیا ہی حیرت انگیز ہیں۔
اے خدا! تیری قوّت بہت عظیم ہے۔ تیرے دشمن جھک جا تے اور وہ تجھ سے ڈر تے ہیں۔

زبُور 68:35

اسرا ئیل کا خدا اپنے لوگوں کو قوّت اور توانائی دیتا ہے۔ خدا اپنے گھر میں حیرت انگیز ہے۔

زبُور 70:1

! اے خدا، جلدی کر اور مجھ کو سہا را دے۔ اے خدا ، میری حفا ظت کر

زبُور 71:13

!میرے دشمنوں کو پو ری طرح شکست دیدے
تو ان کو نیست و نابود کر دے۔ مجھے نقصان پہنچانے کی وہ کوشش کر رہے ہیں۔
اُن کو شرمندگی اور ِذلّت محسوس کرنے دے۔

زبُور 76:12

زمین کے سبھی بادشاہو! اُس کا خوف کرو۔ خدا عظیم رہنما ؤں کو شکست دیتا ہے۔

زبُور 118:10

لیکن خداوند کی قُد رت سے میں نے ان کو ہرا دیا۔ مجھ کو اُن دشمنوں نے گھیر لیا ہے۔

زبُور 118:12

لیکن وہ جلد ہی جلتی ہو ئی جھا ڑی کی مانند فنا ہو گئے۔ دُشمنوں نے شہد کی مکھیوں کی طرح مجھے گھیر لیا۔

زبُور 149:8

اور اُن سرداروں کو زنجیروں سے باندھیں۔ خداوند کے لوگ اُن حکمرانوں

زبُور 149:9

خدا کے لوگ اپنے دُشمنوں کو ا سی طرح سزادیں گے جیسا خدا نے اُن کو حکم دیا۔
خدا کے پیروکا ر، اس کی تعریف احترام کے ساتھ کرو۔

Pastor T. John Franklin
Church of Salvation, Healing, and Deliverance
COS-HAD.org